اہم نقاط: معاون مصنوعات کا تعارف

اصطلاحات	تعریف	تصویر
کان کے پیچھے لگانے والا آلہ سماعت Behind the ear) hearing aid)	آلہ سماعت جو کان کے اوپر سے قوس بناتا ہوا کان کے پچھلے حصے پر ٹک جاتا ہے۔ ایک نالی، آلہ سماعت سے نکل کر سانچے کی شکل میں کان کے بیرونی حصے پر چپک جاتی ہے۔	
کیتھیٹر (Catheter)	جو لوگ خود سے اور رضاکارانہ طور پر مثانہ خالی نہیں کر سکتے، اُن کے لیئے ایک نرم نالی استعمال کی جاتی ہے جو مثانے سے پیشاب باہر نکالنے میں مددگار ثابت ہوتی ہے۔	
کمزور (ناتواں) (Frail)	جسمانی طور پر کمزور، نازک اور توانائی سے محروم ہونا۔ عام طور پر عمر بڑھنے کے ساتھ صحت کے زوال پذیر ہونے پر یہ کیفیت دیکھنے کو ملتی ہے۔	
بے اختیاری، ضعفِ ضبط، (Incontinence)	وہ حالت جب کوئی شخص اپنے پیشاب یا پاخانے پر قابو رکھنے میں دشواری محسوس کرے یا بالکل بھی قابو نہ رکھ سکے۔	
بولنے اور چھونے والی گھڑی Talking and touching) watch)	گھڑی جو وقت کا اعلان با آواز کرتی ہو۔	

اہم نقاط: معاون مصنوعات کا تعارف

تصویر	تعریف	اصطلاحات
	وہ افراد جو خدمات کی فراہمی یا کسی تنظیم کے لیے کام کرتے ہیں-	**عملے کے لوگ / اہلِ خدمت** (Personnel)
	چار پہیوں سے چلنے والا واکر۔	**رولیٹر** (Rollator)
	دماغ میں خون کے بہاؤ میں رکاوٹ، جس کے نتیجے میں جسم کا ایک حصہ کمزور یا مفلوج ہو سکتا ہے۔ اس کے علاوہ بولنے، محسوس کرنے، سوچنے اور دیکھنے میں بھی مسائل پیدا ہو سکتے ہیں-	**فالج** (Stroke)
	ڈبلیو، ایچ، او (عالمی ادارہ برائے صحت) نے ترجیحی معاون مصنوعات کی فہرست مرتب کی ہے۔ یہ فہرست ایک معیار اور مثال ہے جس کے مطابق دیگر ممالک بھی اپنی ضرورت کے مطابق ترجیحی معاون مصنوعات کی فہرست مرتب کر سکتے ہیں۔	**ڈبلیو ایچ او کی ترجیحی معاون آلات کی فہرست** (WHO Priority Assistive Product List)
	کچھ حالتوں میں جسمانی حرکت، پٹھوں کے حالات، توازن اور جسمانی کیفیات (اُٹھنے، بیٹھنے اور لیٹنے) متاثر ہو سکتی ہیں۔ دماغی فالج پیدائش سے پہلے، دورانِ پیدائش یا فوراً بعد دماغ کو پہنچنے والے نقصان کا نتیجہ ہو سکتا ہے۔	**دماغی فالج** (Cerebral Palsy)
	ایسی صورتِ حال (ہئیت) جس کے ساتھ کوئی شخص پیدا ہوا ہو۔ اس حالت کی وجہ صحت، نشو و نُما اور ادراکی (سوچنے) معاملات میں کچھ مسائل پیدا ہو سکتے ہیں۔ ڈاؤن سنڈروم سے متاثرہ افراد کی جسمانی ساخت میں بھی کچھ نمایاں خصوصیات ہو سکتی ہیں۔	**ڈاؤن سنڈروم** (Down Syndrome)
	ریڑھ کی ہڈی (اور اس میں موجود اعصاب) کو پہنچنے والا نقصان عام طور پر کسی حادثے یا بیماری کی وجہ سے ہوتا ہے۔ اس کے بعد جسم اور دماغ کے درمیان پیغامات کا تبادلہ نہیں ہو پاتا۔ اکثر متاثرہ شخص حرکت (فالج زدہ) نہیں کر پاتا اور چوٹ کی سطح سے نیچے والے، جسم کے حصے کو محسوس نہیں کر پاتا۔	**ریڑھ کی ہڈی کی چوٹ** (Spinal Cord Injury)